E–1–B

Roll No. 18135263

Total No. of Questions : 12] [Total No. of Printed Pages : 15

# XARKDN20
# 2301–B
# URDU

Time : 3 Hours ] [Maximum Marks : 100

(i) تفصیلی جواب طلب سوالات۔

ا۔ درج ذیل اشارات کو غور سے پڑھنے کے بعد کسی ایک حصے کو عنوان کے ساتھ ۱۵۰ / سے ۲۰۰ / الفاظ پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے۔ ۱۲

(الف) یہ بھی اَلہ دین کے چراغ جیسا ہی ہے .......... بات کرنی ہو .......... فوٹوگرافی ویڈیوگرافی .......... دنیا بھر کی خبریں .......... تفریح کے بے شمار وسائل .......... فلمیں، گانے .......... کھیلوں کے مقابلے .......... فیس بک

Turn Over

واٹس اَپ ......... غرض موبائل جیب میں تو ساری دنیا جیب میں .........

البتہ آنکھوں کے لئے مضر بھی ......... طلبہ کے لئے نقصان دہ بھی ہے۔

(ب) انسان کہاں نہیں پہنچا ......... چاند پر ......... سمندر کی گہرائیوں میں

......... سیاروں اور ستاروں پر ......... کمند ......... قدرت کے راز افشاء

......... بے شمار ایجادات ......... زندگی کو آسان تر بنایا ......... آمد و

رفت میں انقلاب ......... خطرناک بیماریوں کا علاج ......... زراعت،

صنعت و حرفت عروج پر ......... لیکن اپنے پاؤں پر کلہاڑی بھی .........

ماحول آلودہ ......... ایٹمی ہتھیار ......... سائنس خادم ہو نہ کہ مالک۔

(ج) عورت کی تعلیم سماج کی تعلیم ......... پڑھی لکھی ماں ......... مہذب

سماج ......... بہتر تربیت ......... بہتر گھریلو ماحول ......... عورت نے

ثابت کیا ......... ہر شعبے میں جھنڈے گاڑے ......... سیاست، سائنس،

تجارت ......... عدالت، حکومت ......... عورت کہاں نہیں پہنچی .........

اندرا گاندھی، پرتیبھا پاٹل، سشما سوراج ......... ثانیہ مرزا، پی وی سندھو

......... کے کارنامے کسے یاد نہیں۔

۲۔ دسویں جماعت کے طالب علم برف باری سے لطف اندوز ہونے کے لئے گلمرگ جانا چاہتے ہیں۔ اپنے اسکول کے سربراہ کے نام وہاں ایکسکرشن جانے کی درخواست لکھیں۔

(یا)

اپنے ضلع کے ترقیاتی کمشنر کے نام بجلی کی ناقص ترسیل کے خلاف شکایتی خط تحریر کریں۔

(یا)

آپ کا چھوٹا بھائی زیادہ تر کھیل کود میں مشغول رہتا ہے، خط کے ذریعے اس پر تعلیم کی اہمیت واضح کریں۔ ۸

۳۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو سلیس اردو میں لکھئے۔ مضمون اور مصنف کا حوالہ بھی تحریر کیجئے۔ ۸

(الف) جب جب بھی لوگوں کے ذہنوں اور دلوں میں نفرت، انتشار اور تشدد کی آگ بھڑکتی ہے تو خلوص اور محبت کے پھول جل کر راکھ ہو جاتے ہیں۔ دو روز بعد میں اپنے لان میں بیٹھی اخبار پڑھ رہی تھی۔ ایک تصویر دیکھ کر میری نظریں جم کر رہ گئیں۔ یہ تصویر ایک عورت کی تھی۔ خون میں لت پت لہو کے رنگ میں ڈوبی ہوئی۔ اس مردہ جسم کے قریب ہی دو چیزیں صاف نظر

آرہی تھیں۔ گڑیا اور سپید پھولوں کا گلدستہ۔

(ب) بعد فراغت کے دسترخوان بڑھایا گیا۔ تب مبارک کی طرف متوجہ ہوکر احوال میرا پوچھا۔ مبارک نے کہا کہ اب ان کے باپ کی جگہ پر چچا ان کا بادشاہت کرتا ہے۔ اور ان کا دشمن جانی ہوا ہے۔ اس لئے میں انہیں وہاں سے لے بھاگ کر آپ کی خدمت میں لایا ہوں کہ یتیم ہیں اور سلطنت ان کا حق ہے لیکن بغیر مربی کسو سے کچھ نہیں ہوسکتا۔ ان کے باپ کی خدمت کا حق یاد کرکے ان کی مدد فرمایئے وہ چالیسواں بندر عنایت کیجئے۔ ۸

۴۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔ ۸

(i) عبرت۔

(ii) خوشامد۔ ۷

(یا)

درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھئے۔

(i) ملک صادق کون تھا اور شہزادے کے ساتھ ان کا کیا رشتہ تھا؟

(ii) محمد عاقل جن کی چال کیوں نہ سمجھ سکا؟

(iii) پنڈت چندر دھر کو اپنے پیشے کی عظمت کا احساس کس طرح ہوا؟

(iv) قومی اتحاد کے بارے میں مولانا حالی کا کیا خیال تھا؟

۵۔ درج ذیل نثری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھئے۔

(i) ڈراما۔

(ii) افسانہ۔

(iii) ناول۔

۶۔ درج ذیل کسی ایک ادیب کے حالاتِ زندگی یا ادبی خدمات پر روشنی ڈالئے۔ ۲

(i) خواجہ غلام السیدین۔

(ii) پریم چند۔

(iii) میر امن۔

۷۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف تین کی بحوالہ شاعر تشریح کیجئے ۲

(الف) کہنے لگا کہ دیکھ کے چل راہ بے خبر

میں بھی کبھی کسی کا سرِ پُر غرور تھا

(ب) مرتے ہیں آرزو میں مرنے کی

موت آتی ہے پر نہیں آتی

(ج) نہ تھا میں معتقد اعجازِ مے کا

بڑی مشکل سے منوایا گیا ہوں

(د) یہی بہت ہے کہ مجھ پر تیری توجہ ہے

تیری نگاہ کا انداز دوسرا ہی سہی

(ہ) کتنی بھوکی ہے کتنی پیاسی ہے

زندگی دشت کربلا سی ہے

(یا)

دیئے گئے شعری اجزائے میں سے کسی ایک جز کا مفہوم شاعر اور صنف شعر کے حوالے سے لکھیے۔

(الف) کثرت میں ہو گیا ہے وحدت کا راز مخفی

جگنو میں جو چمک ہے وہ پھول میں مہک ہے

یہ اختلاف پھر کیوں ہنگاموں کا محل ہو

ہر شے میں جب کہ پنہاں خاموشی ازل ہو

(ب) آغوشِ لحد میں جب کہ سونا ہوگا

جز خاک نہ تکیہ نہ بچھونا ہوگا

تنہائی میں آہ کون ہووے گا انیسؔ

ہم ہوں گے اور قبر کا کونا ہوگا

۸۔ درج ذیل اشارات کی مدد سے کسی ایک شاعر پر نوٹ لکھئے ۔ ۲

(الف) آتش کا وطن ............ بچپن میں والد کا انتقال ............ نواب محمد تقی

کے دربار ............ پھر لکھنؤ ............ فقیرانہ انداز ............ بینائی چلی گئی

............ لکھنؤ میں انتقال ............ لہجہ بلند ............ خوبصورتی اچھوتا پن

............ سادگی سلاست ۔

(ب) شوکت علی خان ........ فانی ....... اسلام نگر ضلع بدایوں ........

والد محمد شجاعت ........ مکتب میں ابتدائی تعلیم ........ پھر انٹرنس، بی اے

........ ڈپٹی انسپکٹر مقرر ........ ایل ایل بی علی گڑھ ........ انتقال

حیدر آباد ........ گیارہ سال کی عمر سے ........ عرفانیات فانی ........

ممتاز غزل گو........۔

۹۔ مندرجہ ذیل شعری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔

(i) غزل۔

(ii) مرثیہ۔

(iii) قطعہ۔

(ii) مختصر جواب طلب سوالات۔

۱۰۔ (الف) دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کر کے عبارت کو مکمل کر کے لکھئے۔ ۴

الفاظ: موقع۔ کانپ۔ گھن۔ مار پیٹ۔ بیوی۔

اسٹیشن۔ طرح۔ خاموش۔

اقتباس: پنڈت جی اب تک ........... تھے۔ دل میں ........... رہے تھے کہ

کہیں ........... نہ ہو جائے تو گیہوں کے ساتھ ........... بھی پس جائے۔ ........... پا کر

ٹھاکر صاحب کو سمجھایا۔ ٹھاکر نے ........... دینے میں خیریت سمجھی۔ جونہی تیسرا ........... آیا

انھوں نے اس کمرے سے ........... بچوں کو نکالا۔

(ب) اگر محنت کرو گے تو ضرور پھل پاؤ گے بغیر محنت کے کامیابی ممکن نہیں۔

مندرجہ بالا جملوں میں ''اگر''، ''تو''، ''ضرور'' اور ''بغیر'' کس قسم کے

حروف ہیں؟ ۴

(ج) درج ذیل جملوں کو پڑھنے کے بعد خط کشیدہ الفاظ میں سے اسم صفت، اسم فاعل اور اسم مفعول کی نشاندہی کیجئے۔

(i) مقتول کی شناخت ہوگئی ہے۔

(ii) بہت سہانا موسم ہے۔

(iii) استاد بلیک بورڈ پر لکھ رہا ہے۔

(iv) اونچی عمارت ہر وقت خطرے میں رہتی ہے۔

(د) ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام بھی لکھئے۔ ۴

رشید بہت چالاک ہے۔ ۴

(یا)

بلی نے چوہے کو پکڑا۔

۱۱۔ (الف) (i) نظم رامائن کا ایک سین کس کی تحریر ہے؟

(ii) رام چندر جی کو دیکھ کر اس کی ماں کیوں رونے لگی؟ ۳

(ب) (i) ڈاکٹر اقبال کی کون سی نظم آپ کی درسی کتاب میں شامل ہے؟

(ii) ''وحدت میں کثرت'' سے کیا مراد ہے؟ ۳

(ج) (i) اولوالعزمی سے کیا مراد ہے؟

(ii) نظم مفلسی کس کی تحریر ہے؟ ۳

**(iii)** نہایت ہی مختصر جواب طلب سوالات۔

۱۲۔ (الف) دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کی

تذکیر یا تانیث واضح ہو جائے۔ ۲

کتاب۔ قلم۔

پانی۔ رومال۔

(ب) دیئے گئے الفاظ میں سے دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائے۔ ۲

استاد۔ ستارے۔

والدین۔ کرسی۔

(ج) دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کی ضد لکھیئے۔ ۲

ابتداء۔ انکار۔

مشکل۔ عالم۔

(د) دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کی جمع الجمع لکھیئے۔ ۲

وجہ۔ دوا۔

خبر۔ رسم۔

۲

(ہ) درج ذیل الفاظ کو ان کے معنی کے ساتھ جوڑیے۔(صرف دو)

| الفاظ | معنی |
| --- | --- |
| استخوان۔ | دشمن۔ |
| عدو۔ | خودداری۔ |
| سُگھڑ۔ | ہڈی۔ |
| انانیت۔ | سمجھ دار۔ |